نومبر 2024 ءشتکاروں کے لئے زرعی موسمیاتی مشورے

ماہ اکتوبر کے دوران ملک کے زیادہ تر علاقوں میں معمول سے کم جبکہ خیبر پختونخواہ، آزاد جموں کشمیر اور گلگت بلتستان میں معمول سے زیادہ بارشیں ہوئیں۔ نومبر کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم سرد اور خشک رہنے کی توقع ہے۔ تاہم خیبر پختونخواہ، بالائی پنجاب، گلگت بلتستان اور آزاد جموں کشمیر میں معمول سے قدرے کم بارش ہونے کا امکان ہے

۔

نومبر کے دوران کسانوں سے مندرجہ ذیل گزارشات ملحوظ خاطر رکھنے کی گزارش ہے۔

۱۔ ملک کے بیشتر علاقوں میں فصل خریف کی کٹائی جاری ہے اور زیریں میدانوں میں یہ عمل مکمل ہو چکا ہے۔

۲۔ دھان کی فصل اس وقت پیداوار کے آخری مراحل میں ہے جب چاول کی فصل کو پانی کی ضرورت نہیں ہوتی ہے۔ اس طرح بچائے ہوئے پانی کو آنیوالی فصلوں کیلئے استعمال کر کے بہتر پیداوار حاصل کی جا سکتی ہے۔

۳۔ ربیع کی فصلوں کی بوائی کا آغاز اکتوبر کے وسط سے ہو جاتا ہے۔ گندم اس موسم کی اہم ترین فصل ہے۔ بہترین پیداوار حاصل کرنے کیلئے ضروری ہے کہ محکمہ ءزراعت کے منظور شدہ اقسام کا گریڈ کیا ہوا بیج استعمال کریں اور گندم کی کاشت نومبر کے وسط تک ہر صورت مکمل کر لی جائے تا کہ اچھی پیداوار کیلئے فصل کو پورا وقت مل سکے۔

۴-نہری علاقوں کے کسان حضرات چاول اور گنے سے خالی کی ہوئی زمینوں پر جلد سے جلد گندم کی کاشت مکمل کر لیں۔ گندم کو دیر سے کاشت کرنے سے پیداوار میں کمی واقع ہو جاتی ہے۔

۵-ایسے بارانی علاقے جہاں زمین میں مناسب حد تک نمی موجود نہیں اور آنیوالے دنوں میں بارش کا بھی کوئی خاص امکان نہیں تو بہتر ہے کہ گندم کے بیج کو ایک رات پہلے بھگو کے رکھیں اور صبح سویرے کاشت کر دیں۔ گندم کے بیج کو بوائی سے پہلے دوائی لگانا ہر گز نہ بھولیں۔

٦۔ کسان اگر بر وقت جڑی بوٹیوں کا تدارک پانی اور کھاد کا تناسب مناسب رکھیں تو باغات کے ساتھ گندم اور ربیع کی دوسری فصلیں زیادہ پیداوار کیلئے ساتھ اگائی جا سکتی ہیں۔

۷-نومبر کے دوران میدانی علاقوں میں دھند پڑنے کا امکان ہے۔ جس کی وجہ سے فصلوں اور سبزیوں وغیرہ پر جراثیمی بیماریوں کے حملے کا اندیشہ ہوتا ہے۔ اس سلسلے میں محکمہ ء زراعت کی منظور شدہ ادویات کا اسپرے کر کے فصل کو ممکنہ حد تک بچایا جا سکتا ہے۔

- ❖ **کسان حضرات موسمی حالات سے متعلق مزید معلومات کیلئے محکمہ موسمیات کے قریبی دفتر سے رابطہ کر سکتے ہیں۔**

۱- نیشنل ایگرومیٹ سنیٹر پی۔او۔ بکس نمبر 1214، سیکٹر ایچ ایٹ ٹو، اسلام آباد۔ فون نمبر: 051-9250299

۲۔ نیشنل فورکاسٹنگ سنیٹر برائے زراعت، پی۔او۔ بکس، 1214، سیکٹر ایچ ایٹٹو، اسلا آباد۔ فون نمبر: 4- 051-9250363

۳۔ ریجنل ایگرومیٹ سنیٹر، نزد بارانی یونیورسٹی، مری روڈ، راولپنڈی۔ فون نمبر: 051-9292149

۴- ریجنل ایگرومیٹ سنیٹر، ایوب ریسرچ انسٹیٹیوٹ، جھنگ روڈ، فیصل آباد۔ فون نمبر: 041-9201803

۵۔ ریجنل ایگرومیٹ سنیٹر، ایگریکلچرر ریسرچ انسٹیٹیوٹ، ٹنڈوجام۔ فون نمبر: 022-9250558

۷۔ ریجنل ایگرومیٹ سنیٹر، ایگریکلچرر ریسرچ انسٹیٹیوٹ، سریاب روڈ، کوئٹہ۔ فون نمبر: 081-9211211

- ✓ تفصیلی موسمی معلومات کیلئے محکمہ موسمیات کی ویب سائٹ www.pmd.gov.pk ملاحظہ فرمائیں۔